منصب کے امور اور اہلیت
(Job Description & Specification)

JOB/I.T D/01			
کام کرنے کی جگہ(Workplace)	پاکستان	**شعبہ**(Department)	آئی ٹی
منصب(Designation)	نگران مجلس	**جوابدہ**(Report to)	رکن شوریٰ
کام(Function)	دعوت اسلامی کے دینی کاموں کے لئے جدید تقاضوں کے مطابق ایپلیکیشنز، ویب سائٹس اور سافٹ ویئرز بنانے کے نظام کو مضبوط کرنا	**ماتحت اسٹاف** (Subordinate Staff)	شعبے کے تمام ذمہ داران

منصب کے کام - Job Description

1. شعبے کے تمام کاموں کی نگرانی (Supervision) کرنا اور رکنِ شوریٰ کو مکمل معاونت و معلومات فراہم کرنا۔
2. شعبے کیلئے اہل، تجربہ کار و تنظیمی طور پر مضبوط مجلس بنانا، اہل ذمہ داران کا تقرر کرنا اور انکی مؤثر رہنمائی کے ذریعے ان سے کام لینا نیز تقرری کا ہر ماہ جائزہ لینا۔
3. طے شدہ نظام کے مطابق مدنی مشورے کرنا، مدنی مشوروں میں تیاری کیساتھ اول تا آخر شرکت کرنا اور طے ہونے والے مدنی پھولوں کے اَہداف مکمل کرنا/ کروانا۔
4. تنظیمی سافٹ ویئرز، ویب سائٹس اور موبائل ایپلیکیشنز کی ریکوائرمنٹ کے مطابق ڈاکومینٹس مکمل کروانا اور تخمینہ، ہدف تیار کرکے اپنے نگران/ متعلقہ ذمہ دار کو دینا۔
5. قرآن وحدیث، دارالافتاء اہلسنت، امیر اہلسنت، اراکین شوریٰ اور مفتیان کرام سے متعلق تنظیمی ایپلی کیشنز (Applications) بنوانا/اپڈیٹ رکھوانا۔
6. سافٹ ویئرز، ویب سائٹس اور موبائل ایپلیکیشنز کی ڈویلپمنٹس، ایررز حل کرنے اور سافٹ ویئرز اپڈیٹ کرنے کی مکمل نگرانی (Supervision) کرنا۔
7. شعبہ جات کے لیے بنائے گئے سافٹ ویئرز کے UAT سیشنز اور آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ کے اسٹاف کی سکلز (Skills) کو بڑھانے کے لیے ٹریننگ سیشنز کا انعقاد کروانا۔
8. دعوت اسلامی کی آفیشل ویب سائٹ کو اپڈیٹ اور اپ گریڈ رکھوانا نیز دعوت اسلامی کی سافٹ ویئر بیس پراڈکٹس کو ہائی رینکنگ (High Ranking) پر رکھوانا۔
9. دعوت اسلامی کی ویب سائٹس، ایپلی کیشنز اور مختلف اپڈیٹس کی تشہیر (Advertisement) کروانا۔
10. مدنی مراکز میں موجود کمپیوٹرز، انٹرنیٹ، نیٹ ورکنگ اور ڈیٹا سیونگ وغیرہ کے لیے انفراسٹرکچر سسٹم بنوانا اور مکمل ٹیکنیکل سپورٹ فراہم کروانا۔
11. مدنی مراکز میں آن لائن مدنی مشوروں کا نظام جدید تقاضوں کے مطابق کروانا۔
12. آئی ٹی اور دیگر ڈیپارٹمنٹس سے متعلق Systems, Accessories, اور Equipment کی معیاری خریداری سپلائی چین یا متعلقہ شعبے سے کروانا۔
13. شعبے کے جملہ امور کی تکمیل وترقی کے لیے پلاننگ (Planning) کرنا نیز اس کا شرعی و تنظیمی رہنمائی اور مشاورت کیساتھ نفاذ (Implement) کرنا/ کروانا۔
14. شعبے کے ایس او پیز اور جاب ڈسکرپشنز (JD’s) کا مطالعہ کرنا نیز کے پی آئیز (KPI’s) سمجھنا/ سمجھانا اور تنظیمی معلومات واپڈیٹس سے آگاہ رہنا۔
15. اپنے ماتحت ذمہ داران کے ایچ آر (اجارہ) اور فنانس کے معاملات نیز شعبے سے متعلقہ موصول ہونے والی شکایات و تجاویز کو حل کرنا/ کروانا۔
16. شعبے سے متعلقہ تمام ریکارڈ اپڈیٹ رکھنا/ رکھوانا، طے شدہ کارکردگیاں چیک کرنا اور مینول/ سافٹ ویئر میں درست اور بروقت انٹر کروانا۔
17. ای میلز، واٹس ایپ، کالز و میسجز چیک کرنا اور بروقت (Timely) ریپلائی کرنا نیز منصب کے مطابق نگران کی طرف سے ملنے والے کام بروقت مکمل کرنا/ کروانا۔
18. اپنے نگران کے ذریعے شعبے میں شرعی رہنمائی کے لیے مقرر ذمہ دار کے ذریعے ماتحت افراد اور شعبے سے متعلق مسائل کی شرعی رہنمائی لینے کے نظام کو مضبوط کرنا/ کروانا۔

منصب کی اہلیت - Job specification

- **دنیاوی تعلیم:** گریجویشن ان کمپیوٹر سائنس/ سافٹ ویئر انجینئرنگ/ انفارمیشن ٹیکنالوجی
- **دینی تعلیم:** ناظرہ قرآن پاک نوٹ:۔ درس نظامی کیے ہوئے کو ترجیح دی جائے گی
- متعلقہ ڈیپارٹمنٹ میں کم از کم 8 سے 10 سال کا تجربہ
- Leadership, Time Management, Communication Skill, Adaptability & Flexibility, Team-building, Strategic Thinking, Stress Management, Conflict resolution

اپنی دنیا اور آخرت کو بہتر کرنے اور دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول میں استقامت پانے کے لیے درجہ ذیل امور پر عمل کی کوشش فرمائیں۔

- روزانہ 2 گھنٹے 12 دینی کاموں میں شرکت فرمائیں۔
- بالخصوص قافلہ، مدنی مذاکرہ، نیک اعمال اور ہفتہ وار و بڑی راتوں کے اجتماعات میں پابندی سے شرکت فرمائیں نیز ماتحتوں کو بھی اس کی بھرپور ترغیب دلائیں۔
- سنت کے مطابق لباس، داڑھی، زلفیں اور سفید عمامہ وغیرہ اپنائیں۔
- اپنے متعلقہ فرض علوم سیکھیں اور اپنے تحت ذمہ داران کو اسکا ذہن دیں۔
- شعبے کو خود کفیل کرنے کیلئے دیئے گئے اہداف مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
- رمضان عطیات (رجب، شعبان، رمضان اور شوال)، ٹیلی تھون اور قربانی کی کھالیں وغیرہ جمع کرنے کے لئے کوششیں کریں۔
- عاشقانِ رسول (شخصیات) کے بچوں کا جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دارالمدینہ، فیضان آن لائن اکیڈمی اور فیضان اسلامک اسکول سسٹم میں داخلہ کروائیں۔
- غمی خوشی کے مواقع (عیادت، تعزیت، کفن دفن اور شادی وغیرہ) میں شرکت فرمائیں نیز وقتاً فوقتاً علماء و مشائخ اور دنیاوی با اثر افراد سے ملاقات کریں۔
- شخصیات کو دعوت اسلامی کے اداروں (جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دارالمدینہ، دارالافتاء اہلسنت اور فیضانِ مدینہ) کا وزٹ کروائیں۔
- مکتبۃ المدینہ کی طرف سے شائع کردہ امیر اہلسنت کی تصنیف شدہ و دیگر کتب و رسائل عاشقانِ رسول میں تقسیم کریں۔